۵۶ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت ایک روپیہ۔ پتہ:۔ کتب خانہ انجمن ترقی اردو، جامع مسجد۔ دہلی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اُن چند جلیل القدر پیغمبروں میں سے ہیں جن کا تذکرہ قرآن مجید میں بار بار اور بڑے اہتمام سے کیا گیا ہے اور کوئی شبہ نہیں کہ اُن کی تعلیم تمام تر توحید کی ہی تھی لیکن اس تعلیم پر تغیر و انقلاب کے کتنے اور کیسے دور آئے ہیں جن کے نتیجہ میں یہ تعلیم بالکل مسخ ہوگئی اور اُس کی جگہ اقانیم ثلاثہ کا عقیدہ پیدا ہوا؟ اس کتاب میں جو درحقیقت "ماخذ المسیحیت" کے نام سے ایک زیر تالیف کتاب کی تلخیص ہے، اسی موضوع پر گفتگو کی گئی ہے گویا یہ "مسیحیت" کی مختصر تاریخ ہے، مگر لائق مرتب نے جو کچھ لکھا ہے مستند حوالوں کی روشنی میں لکھا ہے، اور پھر بڑی بات یہ ہے کہ لب و لہجہ اور زبان مناظرانہ نہیں، بلکہ سنجیدہ، متین اور مورخانہ ہے۔

حضرت شاہ عیسیٰ جنداللہ: از ڈاکٹر شیخ فرید۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۸۰ صفحات، کتابت وطباعت متوسط۔ قیمت 7/50 - پتہ:۔ انجمن اسلام اُردو ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ۹۲، دادا بھائی نوروجی روڈ، بمبئی — ۱

حضرت شاہ عیسیٰ جنداللہ (از ۹۶۳ھ تا ۱۰۳۱ھ) برہانپور کا بر اولیاء اللہ میں سے صاحب وجد و حال اور صاحب تصانیف شتی بزرگ تھے، لائق مصنف نے اس کتاب میں جو درحقیقت اُن کے مقالۂ ڈاکٹریٹ کا ایک حصہ ہے حضرت موصوف کے حالات و سوانح۔ احوال و مقامات، ارشادات و تعلیمات اور تصنیفات و تالیفات کا مبسوط تذکرہ لکھا ہے اور جو کچھ لکھا ہے بڑی تحقیق و تلاش اور ممکنۃ الحصول مطبوعہ و مخطوطہ ماخذ کی روشنی میں لکھا ہے، تاریخ و ادب کے اساتذہ اور طلبا کو اس کا مطالعہ ضرور کرنا چاہئے۔

اُردو مصدر نامہ از مولوی حفیظ الرحمٰن صاحب واصف۔ تقطیع کلاں، ضخامت ۴۳۴ صفحات، طباعت وکتابت بہتر، قیمت غیر مجلد -/15۔

پتہ:۔ بک ڈپو انجمن ترقی اردو، اُردو بازار، دہلی۔